امتحانی پرچہ مطالعہء پاکستان برائے جماعت بارھویں کی تیاری کے لیے ہدایات

ممتحنین (Paper Setters) کے لیے ضروری ہدایات

مطالعہء پاکستان برائے جماعت بارھویں کا سالانہ پرچہ 50 نمبروں پر مشتمل ہوگا، جس کے لیے طلبہ کو دو گھنٹے کا وقت دیا جائے گا۔ یہ پرچہ دو اجزا پر مشتمل ہوگا جس کی تقسیم (Pairing Scheme) حسب ذیل ہے:

حصہ اوّل: کثیر الانتخابی سوالات (کل نمبر 10)

مختصر جوابی سوالات (کل نمبر 24)

حصہ دوم: مفصل جوابی سوالات (کل نمبر 16)

مطالعہ پاکستان برائے جماعت بارھویں کے مندرجہ بالا دونوں حصوں کے مختلف سوالات کی تیاری کے لیے درج ذیل ہدایات کو ملحوظ رکھیں:

حصّہ اوّل	سوال نمبر 1: کثیر الانتخابی سوالات (MCQs)	1×10= 10 کل نمبر 10	کثیر الانتخابی سوالات کی تیاری کے لیے پوری کتاب (ماسوائے باب سوم اور چہارم) کے متن کو ملحوظ رکھیں جس کی تقسیم حسب ذیل ہے: کثیر الانتخابی سوالات باب اوّل اور باب دوم میں سے دو دو جبکہ باب پنجم اور ششم میں سے تین تین سوالات بنائے جائیں۔
	سوال نمبر 2: مختصر جوابی سوالات	2×6= 12 کل نمبر 12	اس حصے میں کل نو (9) مختصر جوابی سوالات بنائے جائیں جن میں سے کوئی سے چھے (6) سوالات کے مختصر جواب دینے کا کہا جائے۔ اس حصے کے سوالات باب اوّل میں سے چار، باب دوم میں سے پانچ سوالات پوچھے جائیں اور صرف مشقوں میں دیے گئے مختصر سوالات ہی پرچے میں شامل کیے جائیں۔
	سوال نمبر 3: مختصر جوابی سوالات	2×6= 12 کل نمبر 12	اس حصے میں کل نو (9) مختصر جوابی سوالات بنائے جائیں جن میں سے کوئی سے چھے (6) سوالات کے مختصر جواب دینے کا کہا جائے۔ اس حصے کے سوالات باب پنجم میں سے چھے اور باب ششم میں سے تین سوالات پوچھے جائیں اور صرف مشقوں میں دیے گئے مختصر سوالات ہی پرچے میں شامل کیے جائیں۔

حصّہ دوم	سوال نمبر 4: سوال نمبر 5: سوال نمبر 6: مفصل جوابی سوالات	2×8= 16 کل نمبر 16	کتاب کی مشقوں میں دیے گئے مفصل جوابی سوالات میں سے ہی تین (3) سوالات دیے جائیں اور ان میں سے کوئی سے دو سوالوں کا جواب پوچھا جائے۔ ہر سوال کا جواب آٹھ (8) نمبر پر مشتمل ہوگا۔ ان تین (3) سوالوں کا انتخاب درج ذیل ترتیب کے مطابق کیا جائے: سوال نمبر 4: باب اوّل یا باب پنجم سے لیا جائے۔ سوال نمبر 5: باب دوم سے لیا جائے۔ سوال نمبر 6: باب ششم سے لیا جائے۔

ماڈل پرچہ مطالعہء پاکستان برائے جماعت بارھویں (انٹر پارٹ-II)

وقت: 2 گھنٹے　　کل نمبر: 50

حصہ معروضی (کثیر الانتخابی سوالات)

سوال 1: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پہ درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرے کو مار کر یا پین سے بھر دیں۔　　10 =10 × 1

(i) قراردادِ مقاصد 1949ء پیش کرنے والے وزیر اعظم کا نام ہے:

(الف) خواجہ ناظم الدین　(ب) محمد علی بوگرہ　(ج) چودھری محمد علی　(د) لیاقت علی خاں

(ii) برصغیر میں جداگانہ انتخاب کے اصول کو نافذ کیا گیا:

(الف) 1907ء میں　(ب) 1908ء میں　(ج) 1909ء میں　(د) 1910ء میں

(iii) شہریوں کو جائیداد بنانے اور نجی جائیداد رکھنے کا حق جس زمرے میں آتا ہے:

(الف) معاشرتی حقوق　(ب) معاشی حقوق　(ج) مذہبی حقوق　(د) ثقافتی حقوق

(iv) حکومتِ پاکستان اور اقوامِ متحدہ نے یو این پائیدار ترقی کے فریم ورک پر دستخط کیے:

(الف) 2016ء میں　(ب) 2018ء میں　(ج) 2020ء میں　(د) 2022ء میں

(v) ایلیمنٹری تعلیم کا دورانیہ ہے:

(الف) چھے سال　(ب) سات سال　(ج) آٹھ سال　(د) نو سال

(vi) پاکستان نے پہلی مرتبہ ہاکی کا ورلڈ کپ جیتا:

(الف) 1971ء میں　(ب) 1972ء میں　(ج) 1973ء میں　(د) 1974ء میں